سوال

(1145) عورتوں کا عورتوں کے سامنے سوئمنگ پول میں نہانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض مقامات پر نہانے کے تالاب (سوئمنگ پول) بنے ہوتے ہیں جو مردوں اور عورتوں کے لیے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں۔ ان میں نہانے کے لیے عورت کو بڑا مختصر لباس پہننا ہوتا ہے۔ جس سے صرف "عورہ غلیظہ" ہی مستور ہوتی ہے اور وہاں صرف عورتیں ہی ہوتی ہیں۔ یہ دوسری عورتوں کو اور دوسری عورتیں اسے اس حالت میں دیکھتی ہیں۔ تو اس کا کیا حکم ہے؟ اور ایسے ہی مردوں کے لیے کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر عورت عورتوں میں ہو تو اس پر واجب ہے کہ ناف سے گھٹنے تک کا حصہ ڈھانپا ہوا ہو اور کپڑا موٹا اور کھلا ہونا چاہیئے۔ ایسا باریک نہ ہو کہ اس سے جسم جھلکے یا اتنا چست نہ ہو کہ جسم کا حجم نمایاں کرے۔ یہ حکم تب ہے جب وہ صرف عورتوں کے اندر ہو۔ اور یہی حکم مردوں کا ہے جو شرعی دلائل سے ثابت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 801

محدث فتویٰ